نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ سے سموگ کے کنٹرول کے سلسلہ میں چین سے آئے ہوئے ایک وفد کی ملاقات۔وفد سموگ کے کنٹرول کیلئے مختلف محکموں کے وزٹ کے دوران وجوہات اوراُن کے حل بارے حکومت پنجاب سے خصوصی تعاون کیلئے آیا ہے

سموگ کے کنٹرول کیلئے چینی ماہرین کے تجربات اور مہارت سے فائدہ اٹھائیں گے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ

لاہور: 15جنوری 2024(   ) چین ہمارا ہمسایہ دوست ملک ہے۔ماحولیاتی آلودگی اور سموگ کے کنٹرول کیلئے چینی ماہرین کے تجربات اور مہارت ہمارے لئے فائدہ مند ہوگی۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے چین سے آئے ہوئے ماحولیاتی ماہرین کی ٹیم سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا۔سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں سالانہ گندم کی کاشت 6.4 ملین ہیکٹیرز اور دھان کی کاشت 2.6 ملین ہیکٹیر زیر کی جاتی ہے جس سے بالترتیب اوسط پیداوار 3.2 اور 2.3 ملین ٹن /ہیکٹر حاصل ہوتی ہے۔صوبہ پنجاب میں گندم کی مشینی کاشت 31 فیصد جبکہ 69 فیصد کٹائی مشینوں سے کی جاتی ہے۔دھان کی مشینی کاشت 6 فیصد اور کٹائی 60 فیصد مشینوں سے ہوتی ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے وفد کو واضح کیا کہ سموگ بننے میں زراعت کا صرف 20 فیصد حصّہ ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ سٹیلائیٹ سے لی گئی تصاویر کے مطابق انڈین پنجاب میں دھان کی کاشت کیلئے پاکستان کی نسبت دوگنا رقبہ زیر کاشت لایا جاتا ہے جن کی کٹائی پاکستان میں دھان کے ساتھ ہوتی ہے۔دھان کی کٹائی کے بعد انڈین پنجاب میں زیادہ رقبہ پر آگ لگنے کے باعث فضائی آلودگی میں اضافہ ہورہا ہے۔اس کے علاوہ بڑھتی ہوئی آبادی،ٹرانسپورٹ کا زیادہ استعمال و صنعتی سرگرمیاں سموگ کے بننے کی بنیادی وجوہات میں شامل ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے چینی وفد کو بریف کرتے ہوئے بتایا کہ 2020ء میں کورونا کے لاک ڈاؤن کے دوران سموگ پیدا نہیں ہوئی اگرچہ اس دوران بھی زرعی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہیں مگر فضائی آلودگی پیدا نہیں ہوئی۔اس موقع پر چائنیز کونسلیٹ جنرل مسٹر ژاہوشیرن نے کہا کہ آج کی ملاقات کا مقصد آئیڈیاز،نالج اور تجربات کی باہمی شیئرنگ ہے۔انھوں نے چینی ماہرین کی بیجنگ میں فضائی آلودگی کنٹرول کرنے کیلئے سائنسی بنیادوں پر عملی اقدامات کرنے بارے آگاہی فراہم کی۔اس ملاقات کے دوران چینی ماہرین نے سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ کو بھرپور تعاون کا اظہار کیا۔اس ملاقات کے دوران ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) عمر شیر چٹھہ،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید،ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر جنرل زراعت (فیلڈ) انجینئر احمد سہیل ،چیف پلاننگ اینڈ ایویلوایشن سیل رانا محمود اختر ،ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں و دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆